NYC Department of Health and Mental Hygiene | Department of Education

عزیز والدین یا سرپرست:

آپ کا بچہ 1973 کے بحالی ایکٹ کے سیکشن 504 کے تحت اسکول میں صحت کی خدمات اور/ یا مناسب سہولیات اور DOE کے زیر کفالت پروگرام/ سرگرمیاں حاصل کر رہا ہے۔ یہ خدمات صحت کی ضروریات کے حامل طالب علم کو اپنے اُن ساتھیوں کی طرح مساوی بنیادوں پر اسکول میں شرکت کرنے میں مدد کرتی ہیں جن کو کوئی معذوری نہیں ہے۔ مثال کے طور پر، طبی صورتِ حال کے حامل طالبِ علم کو ان کے معالج کی ہدایات کے مطابق اسکول میں دوا دی جا سکتی ہے، یا جن طلباء کو بینائی یا سماعت کا مسئلہ ہے انہیں بلیک بورڈ کے نزدیک نشست دی جا سکتی ہے۔

اسکول کا دفترِ صحت ہر سال تصدیق کرنے کے لیے طبی سہولیات کی درخواستوں کا جائزہ لیتا ہے کہ آیا آپ کے بچے کو اسکول میں خدمات اور / یا سہولیات کی ضرورت ہے، اور اس اسکول کو کسی بھی تبدیلیوں کے بارے میں مطلع کرتا ہے تاکہ آپ کے بچے کی ضروریات کی تکمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔

آنے والے تعلیمی سال کے لیے تیار رہنے کے لیے، برائے مہربانی یہ کریں:

- اپنے بچے کے معالج سے یہاں منسلک فارم مکمل کروائیں Diabetes Medication Administration Form, Medication Administration Form(s), and/or Medically Prescribed Treatment Form (اوپر بائیں کونے پر ایک چھوٹی حالیہ تصویر منسلک کریں)۔
  - آپ کے بچے کے معالج کے ذریعے مکمل کردہ ان فارمز کا جائزہ لینے کے بعد، اس فارم (فارمز) کی پُشت پر دستخط کریں اور اپنی رابطہ معلومات شامل کریں۔ آپ کو اپنے بچے کے لیے اسکول کی نرس سے دوائیں لینے/ طبی علاج کروانے کے لیے فارم پر دستخط کرنا ضروری ہے۔
- مکمل کردہ ذیابیطس کی دوائی دینے کا فارم، یا دوائی دینے کا فارم، اور / یا طبی نسخے کے ذریعے علاج کے فارم کو اسکول نرس کے پاس **1 جون، 2024 تک، یا جتنی جلد ممکن ہوسکے** جمع کروا دیں، تاکہ آپ کا بچہ منظور کردہ خدمات تعلیمی سال 2024-2025 کے آغاز سے موصول کرنا شروع کر دے۔
- اپنے بچے کے موجودہ 504 منصوبے میں نئی یا ترمیم شدہ سہولیات کی درخواست کرنے کے لیے: Medical Accommodations Request Form with Addendum (آپ کے بچے کے معالج کی طرف سے مکمل کیا گیا) اپنے اسکول کے 504 کو رابطہ کار کے پاس جمع کروائیں، اس کے ساتھ ہی Request for Health Services/Section 504 Accommodations Parent Form with HIPAA Authorization **فارم جلد از جلد تعلیمی سال کے اختتام سے قبل جمع کروائیں** تاکہ سہولیات کی دستیابی کو اگلے اسکول سال کے پہلے روز سے ہی یقینی بنایا جا سکے۔

ذیابیطس کی دوائیں دینے کے فارم، ادویات دینے کے فارم، اور/ یا طبی بنیاد پر تجویز کردہ علاج کے فارم جو تعلیمی سال کے اختتام کے بعد بھیجے جاتے ہیں درج ذیل طریقوں سے جمع کروائے جا سکتے ہیں:

| فیکس | ڈاک | (جس اسکول میں آپ کا بچہ جائے گا وہاں کے برو) کو ای میل کریں: | |
|---|---|---|---|
| برونکس اور مین ہیٹن: 347-396-8945<br>بروکلن اور اسٹیٹن آئلینڈ 347-396-8933<br>**کوئنز:** 347-396-8932 | Attn: DMAF Coordinator<br>New York City DOHMH<br>Office of School Health<br>42-09 28th Street, CN-25<br>Queens, New York 11101-4714 | OshDMAF@health.nyc.gov | **ذیابیطس کی دوائیاں دینے کا فارم (DMAF)** |
| | Attn: Director of Nursing<br>New York City DOHMH<br>Office of School Health<br>42-09 28th Street, CN-25<br>Queens, New York 11101-4714 | BronxMAF@health.nyc.gov<br>BrooklynMAF@health.nyc.gov<br>ManhattanMAF@health.nyc.gov<br>QueensMAF@health.nyc.gov<br>StatenIslandMAF@health.nyc.gov | تمام دیگر دوائیاں دینے کے فارمز اور طبی نسخوں کے ذریعے علاج کے فارمز |